BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن کے ساتھ تفریحی پروگراموں کا لطف اٹھائیں اور بزرگ شہریوں کا مہینہ منائیں

برامپٹن، آن (31 مئی 2023) – برامپٹن میں جون کا مہینہ تفریحی سرگرمیوں اور سینئرز منتھ کی تقریبات سے بھرپور ہو گا، جن میں بھرپور شرکت کر کے خوب لطف اٹھائیں۔

برامپٹن میں تفریحی مہینے کے دوران پیش کیے جانے والے مفت پروگراموں اور خصوصی تقریبات بشمول نیشنل ہیلتھ اینڈ فٹنس ڈے اور انٹرنیشنل یوگا ڈے کے ساتھ صحت مند سرگرمیوں کے فوائد کے بارے میں جانیں۔

پروگراموں اور تقریبات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.brampton.ca/recmonth

**نیشنل ہیلتھ اینڈ فٹنس ڈے**
3 جون، صبح 10 - دن 12 بجے تک
چنگواکوسی پارک
9050 Bramalea Rd
صبح 10 – دن 12 بجے تک

**انٹرنیشنل یوگا ڈے**
21 جون، شام 9 - 7 بجے تک
Mount Pleasant Square
100 Commuter Dr.

جون کو بزرگوں شہریوں کے مہینے کے طور پر منانے کے سلسلے میں، سٹی آف برامپٹن ہماری کمیونٹی میں رہنے والی بزرگ آبادی کی اہمیت کو اجاگر کرنے اور ان کی خوشیاں منانے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔

55 سال اور اس سے زیادہ عمر کے افراد کو جون کے مہینے میں خصوصی تقریبات اور مفت پروگراموں میں شامل ہونے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے، بشمول اسپرنگ فیسٹ اور فائر سیفٹی اوپن ہاؤس۔

**اسپرنگ فیسٹ**
16 جون
ایکسپو، صبح 10 – دن 12 بجے تک
لنچ اور ڈانس، دن 3 - 12 بجے تک
Century Gardens Recreation Centre
340 Vodden St E.

اسپرنگ فیسٹ کو BioPed، Rever، Toronto Pearson اور Vyta کی جانب سے فراخدلانہ تعاون حاصل ہے۔

برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز بزرگ شہریوں کو اپنے اوپن ہاؤس کے دوران تشریف لانے کی دعوت دیتی ہے، جہاں وہ آگ اور گرنے سے بچاؤ کے بارے میں جان سکتے ہیں، فائر اہلکاروں سے ملاقاتیں کر سکتے ہیں اور کمیونٹی پارٹنرز کے ساتھ گپ شپ لگا سکتے ہیں اور اس میں سب کے لیے انعامات بھی موجود ہوں گے۔

**فائر اسٹیشن اوپن ہاؤس**
21 جون، صبح 10 - دن 2 بجے تک

Fire Station 207
75 Vodden St. E.,

مزید جاننے کے لیے 905.458.5580 پر کال کریں یا اس ایڈریس پر ای میل بھیجیں: firelife@brampton.ca

عمر کی موافقت پر مبنی حکمت عملی کے ذریعے، سٹی کی توجہ مکمل اور ماحولیاتی طور پر مستحکم کمیونٹیز کے فروغ اور ڈیزائن کے ذریعے زندگی کے تمام مراحل کے دوران اپنے رہائشیوں کی منفرد ضروریات کو عملی جامہ پہنانے پر مرکوز ہے۔

سٹی آف برامپٹن نے 2022 میں حاصل کردہ نیو ہورائزنز گرانٹ کے حصے کے طور پر سینئرز ریسورس ڈائریکٹری متعارف کرائی ہے۔ اس ڈائریکٹری کا مقصد ایک بٹن کے کلک پر کلیدی وسائل تک رسائی فراہم کرنا اور اپنے لوگوں کو درکار سروسز تلاش کرنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ صارف کے تجربے کو بہتر بنانے اور نیویگیشن کو آسان بنانے کے لیے، ڈائرکٹری کی درجہ بندی 12 موضوعات سے متعلق مرکزی خیالات کے مطابق کی گئی ہے۔

بزرگ شہریوں کے مہینے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/seniorsmonth ملاحظہ کریں۔

**اقتباسات**

"عمر کے لحاظ سے ایک ایسا دوستانہ شہر بنانا جہاں ہمارے لوگ عمر کے ہر مرحلے پر اپنی زندگی کو بہترین طریقے سے گزار سکیں، سٹی آف برامپٹن کے لیے ایک اہم ترجیح ہے۔ کمیونٹی تک رسائی اور بزرگوں کو مدد فراہم کرنے سے تعلق کا احساس پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے۔ میں تفریح اور بزرگوں کا مہینہ منانے کے لیے، برامپٹن کو پیش کیے جانے والے تمام تفریحی مواقع سے لطف اندوز ہونے اور تمام پروگراموں اور تقریبات میں برامپٹن کے بزرگ شہریوں کی بامعنی شراکت کا احترام کرنے کا منتظر ہوں۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"ہم ایک ساتھ مل کر مضبوط ہوتے ہیں اور جب ہم تفریحی پروگراموں تک رسائی کے ذریعے ایک دوسرے اور خود کا خیال رکھتے ہیں، تو ہم کمیونٹی کے لیے صحت بخش بنیادیں بنانے میں مدد کرتے ہیں۔ اس جون میں، جبکہ ہم تفریح اور بزرگوں کا مہینہ منا رہے ہیں، میں ہر کسی کو ناقابل یقین حد تک دلکش تفریحی اور جامع پروگراموں کو دریافت کرنے کی دعوت دیتی ہوں، جسے ہماری ٹیمیں رہائشیوں کی خدمت میں دستیاب کرانے کے لیے پردے کے پیچھے سخت محنت کر رہی ہیں۔"

*- روینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 90,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔**
ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹویٹر، فیس بک, اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید یہاں جانیں: www.brampton.ca.

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca